**07.04.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ حکومت نے مغربی ایشیا میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر ایران میں بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ جہاں ہیں، وہیں رہیں۔

☆ ایران کی جانب سے آبنائے ہُرمز کو نا کھولے جانے کی صورت میں بجلی کے سبھی پلانٹ اور پُلوں کو تباہ کرنے کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکی کے سبب مغربی ایشیا میں محاذ آرائی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔

☆ حکومت نے 5 کلوگرام کے LPG سلنڈر کی فروخت کو دوگنا کرنے کیلئے حکم جاری کیا ہے۔ اُس نے تیل اور گیس کی سپلائی کی یقین دہانی کرائی ہے۔

☆ آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے۔ پولنگ اِس ماہ کی 9 تاریخ کو ہوگی۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آسام، میگھالیہ اور اروناچل پردیش میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور ...... ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ میں بھارتی مکے بازوں کا جیت کا سلسلہ برقرار ہے۔ 6 خواتین اور 2 مرد مکے باز فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Iran Advisory**

ایران میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر وزارتِ خارجہ نے اِس وقت ایران میں موجود بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ جہاں ہیں، وہیں رہیں، محفوظ مقامات میں پناہ لیں اور مزید نقل وحرکت سے گریز کریں۔ وزارت نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ ایران میں اور ایران کے سرحدی راستوں پر کسی بھی نقل وحرکت پر تہران میں بھارتی سفارتخانے کے ساتھ قریبی رابطے اور سفارتخانے سے ضروری معلومات حاصل ہونے کے بعد ہی غور کیا جانا چاہیئے۔ اِس دوران ایران میں بھارتی سفارتخانے میں ایران میں موجود بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ آئندہ 48 گھنٹے تک جہاں ہیں، وہیں رہیں۔
اُس نے سبھی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سبھی بجلی اور فوجی تنصیبات سے دور رہیں اور کثیرمنزلہ عمارتوں کی اوپری

منزلوں پر نہ جائیں، گھروں کے اندر رہیں اور شاہراہ پر کسی بھی نقل و حرکت کیلئے سفارتخانے سے لازمی طور پر رابطہ قائم کریں۔ اُس نے بھارتی شہریوں سے درخواست کی ہے کہ وہ سرکاری اَپ ڈیٹس پر قریبی نظر رکھیں۔ سفارتخانے سے اِن موبائل نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے، جو اِس طرح سے ہیں:

پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک ایک پانچ

پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر نو

اور پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر دو

سفارتخانے سے ای-میل cons.tehran@mea.gov.in کے ذریعے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔x

**Trump Iran Israel**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انتباہ دیا ہے کہ اگر ان کی دی گئی مہلت کے ختم ہونے تک ایران کسی سمجھوتے پر رضامند نہیں ہوتا ہے تو ایران کے بجلی کے پلانٹس اور پُل تباہ کر دیئے جائیں گے۔ اِس سمجھوتے میں انتہائی اہم آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا بھی شامل ہے۔ یہ وارننگ ایسے وقت میں دی گئی ہے، جب فضائی حملوں کے ذریعے ایران میں دو پُلوں اور ایک ٹرین اسٹیشن کو نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی حکام نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کے پلانٹس کی حفاظت کیلئے انسانی زنجیر بنائیں۔ ٹرمپ نے یہ بھی دھمکی دی ہے کہ اگر آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں کی آمد و رفت پوری طرح سے بحال نہیں ہوتی ہے تو آج رات پوری ایرانی تہذیب ختم کردی جائے گی۔ امن کے دوران آبنائے ہرمز سے دنیا کے تیل کا پانچواں حصہ گزرتا ہے۔

اِس دوران ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کے ایک کروڑ چالیس لاکھ شہری، جن میں وہ خود بھی شامل ہیں، نے لڑائی کیلئے اپنے آپ کو رضاکارانہ طور پر پیش کیا ہے۔ وہیں اسرائیل نے ایران پر اپنے حملوں میں اضافہ کر دیا ہے، جس کے بارے میں اُس کا کہنا ہے کہ وہ ایران کی معیشت پر ضرب لگا رہا ہے۔ مغربی ایران کے صوبے لورستان میں واقع خرم آباد بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر بھی آج امریکہ اور اسرائیل نے فضائی حملے کیے ہیں۔ دوسری جانب ایران نے اسرائیل اور سعودی عرب پر حملے کیے ہیں، جس کی وجہ سے ایک بڑا پُل عارضی طور پر بند کرنا پڑا۔ سفارتی کوششوں میں شامل حکام کا کہنا ہے کہ بات چیت جاری تھی تاہم ایران نے امریکہ کی تازہ تجویز کو ٹھکرا دیا ہے۔ x

**Govt LPG**

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پٹرول، ڈیزل، LPG اور PNG کی سپلائی معمول کے مطابق برقرار ہے۔ آج نئی دِلی میں مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات سے متعلق بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا ہے کہ LPG کی کسی بھی ڈسٹری بیوٹر شپ پر اُس کے بالکل ختم ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے۔

**BYTE: Sujata On LPG Booking**

اُنہوں نے کہاکہ کمرشیل LPG مختص کئے جانے میں بحران سے پہلے کی سطح تقریباً 70 فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے۔

اُنہوں نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ 5 کلو کے سلنڈر کی فروخت کو بڑھانے کیلئے حکومت نے اُن کی فروخت کو دوگنا کرنے کیلئے ایک نیا حکم جاری کیا ہے۔

**Byte: Sujata Sharma**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت میں ایڈیشنل سکریٹری مکیش منگل نے کہا کہ مغربی ایشیا خطے میں جہاز رانی سے متعلق عملے کے سبھی بھارتی افراد محفوظ ہیں اور گزشتہ 24 گھنٹے میں بھارتی پرچم بردار جہازوں کے سلسلے میں کسی واقعے کی کوئی خبر نہیں ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس وقت عملے کے 433 بھارتی افراد کے ساتھ 16 بھارتی پرچم بردار بحری جہاز مغربی خلیج فارس خطے میں ہیں۔ جناب منگل نے کہا کہ جہاز رانی کا ڈائریکٹوریٹ جنرل جہاز کے مالکان، RPSL ایجنسیوں اور بھارتی مشنوں کے ساتھ تال میل میں قریبی نگرانی کررہا ہے۔×

## Jaishankar ST Kitts Foreign

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج St Kitts اور Nevis کے وزیر خارجہ ڈاکٹر Denzil L. Douglas سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے ترقیاتی پروجیکٹوں، صحت کے شعبے میں اشتراک، ڈیجیٹل صلاحیتوں اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے سلسلے میں بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے علاقائی اور عالمی معاملات پر نظریات کے تبادلے کی بھی ستائش کی۔×

## Assembly Silence Period

آسام، کیرالم اور پدوچیری آسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم آج شام پانچ بجے ختم ہوگئی۔ جمعرات کو ہونے والی پولنگ سے پہلے 48 گھنٹے کی اِس مدت کے دوران عوامی میٹنگوں، ریلیوں، جلسوں اور الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے ہر طرح کی تشہیری مہم پر سخت پابندی رہے گی۔ انتخابی کمیشن نے مقررہ مدت کے دوران کسی بھی طرح کے Opinion Polls، ایگزٹ Polls یا اِسی طرح کے سروے کے نتائج کے نشریات پر بھی پابندی نافذ کردی ہے۔

آسام میں سبھی 126 اسمبلی حلقوں، کیرالم میں 140 حلقوں اور پدوچیری میں 30 سیٹوں کیلئے واحد مرحلے کیلئے 9 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

عہدیداران نے آزادانہ، منصفانہ اور پُرامن پولنگ کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی کا سخت بندوبست اور انتظامی اقدامات کئے ہیں۔

آج انتخابی مہم کے ختم ہونے کے آخری گھنٹوں میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے اِن خطوں میں ووٹروں سے رابطہ قائم کرنے اور اپنی حمایت کو مضبوط کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔

کانگریس کے صدر ملکا ارجن کھڑگے نے گواہاٹی میں ایک پریس کانفرنس کی۔ پدوچیری اور کیرالم میں بھی آخری لمحات میں سیاسی گہماگہمی رہی۔×

**Keralam Security Arrangements**

کیرالم اسمبلی انتخابات کیلئے تشہیری مہم آج ختم ہوگئی۔ پولنگ کے مد نظر پوری ریاست میں سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اِس کے تحت ریاست بھر میں کُل 76 ہزار حفاظتی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ اِس کے علاوہ سکیورٹی اقدامات کو مستحکم کرنے کے تحت مرکزی فورسز کی 160 ٹیمیں بھی ریاست کے مختلف حصوں میں قیام پذیر ہیں۔

اِس دوران دو ہزار 40 انتخابی مراکز کی حساس پولنگ مراکز کے طور پر پہچان کی گئی ہے۔ اِن مقامات پر سکیورٹی کے اضافی انتظامات کیے جائیں گے۔ رائے دہی سے پہلے کیے جانے والے اقدامات کے طور پر پورے کیرالم میں 48 گھنٹے تک شراب پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ x

**Last Day Campaign**

عنقریب ہونے والے آسمبلی انتخابات کے پیش نظر وزیرداخلہ امت شاہ نے براک وادی کے تین اضلاع میں BJP کی انتخابی مہم کی قیادت کی۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے

**V/C: Saswati Bhattachargee**

*آسام میں ہونے والے آسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم آج اختتام پذیر ہوگئی۔ جنوبی آسام کی براک وادی میں انتخابی مہم کے آخری دن مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ذریعے بڑی ریلیاں کی گئیں۔ اُنہوں نے شری بھومی ضلع میں Patharkandi آسمبلی حلقے کے Bazarichara GP میں دن کی پہلی ریلی کی۔ اُس کے بعد اُنہوں نے Hailakandi کے DSA میدان میں ایک اور عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ آخر میں انہوں نے سلچر میں ڈاکٹر راجدیپ رائے اور Udharbond کے امیدوار راجدیپ گوالا کی حمایت میں عوامی جلسے میں حصہ لیا۔*

*وزیر داخلہ امت شاہ کے علاوہ سابق مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی نے شری بھومی ضلع کے کریم گنج آسمبلی حلقے میں عوامی جلسے میں شرکت کی۔*

*دوسری جانب وادی میں کانگریس نے ایک روز قبل اپنی انتخابی مہم کے تحت مشہور کرکٹر یوسف پٹھان کو میدان میں اتارا تھا۔*

*سلچر سے Saswati Bhattachargee کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں.................محمد شہزاد*

**Manipur Protest**

منی پور میں پہاڑی علاقوں سے دو مشتبہ ملیٹنٹوں کی جانب سے بشنوپور ضلعے کے ٹونگلاؤڈی گاؤں کے ایک گھر پر کیے گئے بم حملے میں دو کم عمر بچوں کی موت کے بعد وادی کے پانچ ضلعوں میں بڑے پیمانے پر مظاہرے شروع ہوگئے۔ یہ واقعہ کل رات اُس وقت پیش آیا، جب ایک بم کے رہائشی مکان پر گرنے سے طاقتور دھاکہ ہوا اور دو بچوں کی موقعے پر ہی موت

ہوگئی، جبکہ بچوں کی والدہ شدید زخمی ہے اور زیر علاج ہے۔ پولیس نے گاؤں سے بم بھی برآمد کرلیا ہے اور اُسے ناکارہ کر دیا ہے۔ ریاستی محکمۂ داخلہ نے آج دوپہر حکم نامہ جاری کرتے ہوئے منی پور وادی کے پانچ ضلعوں میں موبائل ڈیٹا خدمات اور انٹرنیٹ خدمات پر تین دن کیلئے پابندی لگا دی ہے، جو فوری طور سے نافذ العمل ہوچکی ہے۔

منی پور کے وزیر اعلیٰ یُمنام کھیم چند نے اِسے بزدلانہ حملہ قرار دیتے ہوئے اِس کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ آج دوپہر امپھال میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ حکومت، اِس جرم میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچائے گی۔ منی پور کے وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ واقعے کی ہر پہلو سے جانچ کیلئے اِس معاملے کو NIA کو سونپا جائے گا۔ x

## Rev IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آسام، میگھالیہ اور اروناچل پردیش میں جمعرات تک موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے بہار، جھارکھنڈ اور سکّم میں کل تیز ہواؤں کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے دلّی، پنجاب، اترپردیش، اتراکھنڈ اور منی پور میں اگلے تین دن کیلئے تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اِسی طرح کے موسمی حالات کل جموں و کشمیر، لداخ، آسام، میگھالیہ، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور تلنگانہ میں بھی رہ سکتے ہیں۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے تین دن کے دوران گجرات، ساحلی کرناٹک اور کیرالم میں موسم گرم اور حبس بھرا رہے گا۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں کل گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے امکان کا بھی اظہار کیا ہے۔ x

## Manohar Unauthorised Colonies

مکانات اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے آج ’جہاں ہیں، وہاں کی بنیاد پر‘ دِلی کی غیرمنظور شدہ کالونیوں کو منظوری دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ آج نئی دِلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دِلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کے ہمراہ اُنہوں نے کہا کہ موجودہ تعمیرات کو منظور کیا جائے گا، جبکہ یہ لازمی ہوگا کہ آئندہ کی تعمیرات میں میونسپل کارپوریشن کے ضابطوں پر سختی سے عمل کیا جائے۔ جناب لال نے کہا کہ کالونیوں کو منظوری دیئے جانے سے باشندوں کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ اپنی املاک کا رجسٹریشن کرانے کیلئے آگے آئیں۔ x

## Asian Boing Championship

منگولیا کے Ulaanbaatar میں جاری ایشین باکسنگ چمپیئن شپ 2026 میں بھارت کی متاثرکن کارکردگی کا سلسلہ جاری ہے۔ بھارت کے 8 مکّے باز فائنل میں پہنچ گئے ہیں، جن میں سے 6 خواتین اور دو مرد مکّے باز ہیں۔ مناکشی اور جیسمین نے آج خواتین کے سیمی فائنل میں بھارتی مہم کی قیادت کی، جبکہ مردوں کے زمرے میں وشوناتھ سریش اور سچن نے اپنی بہترین کارکردگی کی بدولت تمغے جیتے۔ x

**IPL Toss Delayed**

IPL کرکٹ میں آج گواہاٹی کے برساپاڑہ کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس اور ممبئ انڈینس کے درمیان کھیلے جانے والے میچ میں میدان گیلا ہونے کے سبب ٹاس میں تاخیر ہوئی۔

گزشتہ شب، ایڈن گارڈنس میں کولکاتا نائٹ رائیڈرس اور پنجاب کنگز کے درمیان میچ بھی بارش کے سبب منسوخ کردیا گیا تھا۔×

**Sensex**

گھریلو حصص بازار میں آج تقریباً صفر اعشاریہ سات فیصد کا اضافہ ہوا۔ Sensex میں 510 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 74 ہزار 617 پر بند ہوا۔ Nifty میں بھی 155 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 23 ہزار 124 پر بند ہوا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆